© rasailojaraid.com



سے پیش کیے ہیں'' (مقدمہ از پروفیسر ظفر حجازی)۔ کتاب نہایت اہتمام سے خوب صورت انداز میں شائع کی گئی ہے (ر-ہ)۔

**قرآن کریم میں خواتین کے حقوق**' ڈاکٹر ایچ بی خان۔ ناشر: الحمد اکادمی' ۲-جے' آئی - ۸' ناظم آباد' کراچی۔ صفحات: ۱۸۴۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔

مصنف نے خواتین کے حقوق کا تعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ گیارہ ابواب میں خواتین کی حیثیت' سماجی کردار' حقوق' فرائض' سربراہی' وراثت اور مغرب میں حالتِ زار جیسے اہم اور وسیع موضوعات پر اظہار خیال کیا گیا ہے' ابواب کے عنوان نجانے کیوں تجویز نہیں کیے گئے۔

حرفِ آغاز میں ڈاکٹر خان تحریر کرتے ہیں: قومی اور ملّی زندگی میں خواتین کی صحیح تعلیم و تربیت زندگی کے ہر شعبے میں نہایت عمدہ اور فعال کردار ادا کر سکتی ہے۔ مرد کا بگاڑ صرف ایک فرد کا بگاڑ ہو سکتا ہے مگر عورت کا بگاڑ پوری نسل بلکہ نسل در نسل تباہی کا سبب بن سکتا ہے۔ ڈاکٹر خان نے اسلامی نقطۂ نظر سے خواتین کے لیے متعین حقوق پر بحث کی ہے اور قرآن و سنت کو اپنا ماخذ بنایا ہے' ڈاکٹر خان نے قرآنی آیات اور اُن کی تفسیر کے ذریعے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اسلام کے پیروکار خود ہی قرآن کی تعلیمات سے روگردانی کر رہے ہیں اور اس کا خمیازہ انھیں معاشرتی نظام میں خلل کی صورت میں بھگتنا پڑ رہا ہے۔ مختلف ابواب میں مصنف نے مغربی تہذیب اور اسلامی معاشروں میں اس کے نفوذ پر خصوصاً روشنی ڈالی ہے۔ مصنف کا خیال ہے کہ مغرب کی اندھا دھند نقالی مسلمان خواتین ہی کو نہیں پوری مسلم امت کو شدید نقصان پہنچائے گی۔ ہر باب کے آخر میں حواشی اور کتاب کے آخر میں مجموعی کتابیات درج ہے۔ موضوعات منتشر ہیں' تاہم اپنے موضوع پر یہ ایک اچھی تحریر ہے (محمد ایوب منیر)۔

## تعارف کتب

☆ الاسماء الحسنٰی' مرتبہ: ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی۔ ناشر: الفیصل' اردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۱۲۸- آرٹ پیپر۔ رنگین طباعت۔ جیبی تقطیع۔ ہدیہ: درج نہیں۔ [باری تعالیٰ کے ۹۹ صفاتی نام نفیس رقم کی خوب صورت کتابت میں۔ ابتدا میں مرتب نے وظیفہ اسماء الحسنٰی کا طریقہ بتایا ہے جس سے ''ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے''۔]

☆ ۷۸۶ منتخب احادیث' انتخاب: معاذ حسن ہاشمی۔ ناشر: حیدر پبلی کیشنز' ۳۸ غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۱۲۶۔ قیمت: ۴۸ روپے۔ [۸۰ سے زائد عنوانات کے تحت منتخب احادیث نبویؐ کے اردو تراجم۔ کہیں کہیں متن بھی دیا گیا ہے مگر بلا اعراب۔ احادیث کے حوالے اور اسناد درج نہیں]۔

© rasailojaraid.com